# انوارنمنٹل جسٹس اسکریننگ فارم

| | |
|---|---|
| پروجیکٹ کا نام | **MWRA کا سیکشن 56 کی پانی پائپ لائن کی تبدیلی کا پروجیکٹ** |
| MEPA جمع کرانے کی متوقعہ تاریخ | اگست **2023 9** |
| تجویز کنندہ کا نام | **میساچوسٹس واٹر ریسورسز اتھارٹی** |
| رابطہ کی معلومات (مثلاً، صلاح کار) | **کیٹی رونن، MWRA**<br>**(617) 788-1177**<br>**katherine.ronan@mwra.com** |
| پروجیکٹ کے لیےعوامی ویب سائٹ یا دیگر فزیکل لوکیشن جہاں پروجیکٹ کے مواد حاصل کیے جا سکتے ہیں (اگر دستیاب ہو) | **https://www.mwra.com/projects/water/7454-section56- saugus-river/7454-update.html** |
| پروجیکٹ کے لیے میونسپلٹی اور زپ کوڈ (اگر معلوم ہو) | **سٹی آف ریور، 02151**<br>**سٹی آف لین، 01905** |
| پروجیکٹ کی نوعیت* (ان تمام کو ذکر کریں جن کا اطلاق ہوتا ہو) | **پانی سپلائی – ٹریٹمنٹ / پہنچانے کا عمل** |
| کیا پروجیکٹ سائٹ کسی متعین کردہ 100 سالہ FEMA سیلابی میدان کے اندر ہے؟ ہاں / نہیں / معلوم نہیں | **ہاں** |
| حالات کے لیے تیار کردہ جگہوں کا متوقعہ GHG اخراج (GHG تخمینہ کے ٹول کے لیے یہاں کلک کریں) | **نا قابل اطلاق۔** |

پروجیکٹ کی وضاحت

1. پروجیکٹ کی ایک مختصر وضاحت فراہم کریں، بشمول پروجیکٹ سائٹ کا مجموعی سائز اور مجوزہ عمارتوں اور تعمیرات کا اسکوائر فٹ اگر معلوم ہو۔

**میساچوسٹس واٹر ریسورسز اتھارٹی (MWRA ، Massachusetts Water Resource Authority) سیکشن 56 کی اپنی پرانی پانی پائپ لائن کو تبدیل کرنے کی تجویز پیش کر رہی ہے۔ سیکشن 56 لن (Lynn) اور ریور (Revere) کے شہروں کو پانی کی خدمات فراہم کرتا ہے۔ اس پانی پائپ لائن کا وہ سیکشن جسے تبدیل کیا جانا ہے پہلے سوگس ندی (Saugus River) پر جنرل ایڈوارڈز برج (General Edwards Bridge) سے منسلک تھا (جو کہ لین/ ریور میونسپل بارڈر بھی ہے) لیکن بہت زیادہ گل جانے کی وجہ سے اس کو 2018 میں ہٹانا پڑا تھا۔ MWRA کی اب پانی پائپ لائن کے اس سیکشن کو سوگس ندی کے پانی کے نیچے، اوپن-کٹ اور ٹرینچ زیر پانی تعمیراتی طریقوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک نیا سیکشن انسٹال کرکے تبدیل کرنے کی تجویز ہے۔ MWRA کے سیکشن 56 کی پانی پائپ لائن کی تبدیلی کا پروجیکٹ ان کمیونٹیوں میں مکینوں اور کاروباروں کے لیے پانی کے نظام کی فراوانی اور بھروسہ مندی کو یقینی بنائے گا، جو کہ عوام اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ تعمیر مکمل ہو جانے کے بعد، سطح زمین پر اثرات کم وبیش صرف چھ مین ہولز ہوں گے، جو کہ لین میں ریور اور ہینسن اسٹریٹ میں رائس اوینو کی ہموار کردہ سطحوں کے برابر اور / یا ریور میں نارتھ شور روڈ میں داخلہ کے مقام پر سرسبز ٹریفک آئی لینڈ میں ہوں گے۔**

**پروجیکٹ کی مخصوص سرگرمیوں میں شامل ہیں:**

- **ہورائزنٹل ڈائریکشنل ڈرلنگ (HDD) کا استعمال کرتے ہوئے سوگس ندی کے نیچے 20 انچ کا واٹر مین انسٹال کرنا۔**
- **ریور میں رائس اوینو میں ایک 20 انچ کا واٹر مین انسٹال کرنا، بشمول فٹنگس، والوز، ہوا ریلیز کرنے کے والوز، اور بلو-آفس، پوائنٹ آف پائنس یخت کلب میں سوگس ندی کے HDD کراسنگ پوائنٹ سے آن ریمپ اور لین وے کے روٹ A1 نارتھ باؤنڈ کے درمیان سیکشن 56 کی موجودہ پائپ لائن تک۔**
- **لین میں ہینسٹن اسٹریٹ میں 20 انچ قطر کا واٹر مین اور ضروری آلات انسٹال کرنا، بشمول فٹنگس، والوز، ہوا ریلیز کرنے کے والوز اور بلو-آفس، روٹ A1 میں سیکشن 56 کی موجودہ پائپ لائن سے ہینسٹن**

| |
|---|
| **اسٹریٹ / ریلے وے ایکسٹنشن کے اخیر میں سوگس ندی HDD کراسنگ پوائنٹ تک۔**<br>• **ماحولیاتی کنٹرولز اور ٹریفک مینجمنٹ انسٹال کرنا، یوٹیلٹیز کو بحال کرنا، سطح کو درست کرنا، سڑک دوبارہ تعمیر کرنا / پیادہ راستہ کو بحال کرنا، اور بغلی راستے کو دوبارہ تعمیر کرنا۔**<br>• **لین میں خط ساحل پر ٹوٹی ہوئی سمندری دیوار سے بارہ لکڑیکے پائلز کو ہٹانا۔**<br>• **ریور میں پوائنٹ آف پائنس یخت کلب پارکنگ کی جگہ پر اور لین میں بینسٹن اسٹریٹ / ریلے وے ایکسٹنشن کے اختتام پر عارضی اسٹیجنگ / HDD داخل ہونے / باہر نکلنے کے گڑھے۔**<br>**عارضی خلل کا کل رقبہ 2.9 ایکڑ ہے۔ زمین کے اوپر کوئی مجوزہ دائمی عمارتیں یا تعمیرات نہیں ہوں گی۔** |
| 2. متوقعہ MEPA جائزہ کی حدیں (301 CMR 11.03) ذکر کریں (اگر معلوم ہو)<br><br>• **301 CMR 11.03(3)(b)(1)(e), جو صراحت کرتا ہے کہ: نئی فل یا اسٹرکچر یا موجودہ فل یا اسٹرکچر کی توسیع، سوائے ایک پائل کے سہارا والے اسٹرکچر کے، ایک ویلوسٹی زون یا ریگولیٹری فلڈ وے میں۔"**<br>• **301 CMR 11.03(3)(b)(1)(a) ، بسلسلہ "ساحلی ریت کے انبار، بیریئر بیچ یا ساحلی کنارے کی تبدیلی"۔** |
| 3. پروجیکٹ کے لیے تمام متوقعہ ریاستی، مقامی اور وفاقی پرمٹس کی فہرست ذکر کریں (اگر معلوم ہو)<br><br>**MA WPA کا ارادے کا نوٹس (ریور اور لین سے متوقعہ شرائط کی ترتیب)**<br>**میساچوسٹس کا ڈیپارٹمنٹ آف انوارنمنٹل پروٹیکشن (DEP) 401 پانی کے معیار کا تصدیق نامہ**<br>**میساچوسٹس کوسٹل زون مینجمنٹ (CZM) کوسٹل زون کی ہم آہنگی کا تعین**<br>**MWRA 8M پرمٹ**<br>**میساچوسٹس ڈیپارٹمنٹ آف ٹریفک (DOT) اسٹریٹ اوپننگ پرمٹ، ریور**<br>**میساچوسٹس ڈیپارٹمنٹ آف ٹریفک (DOT) اسٹریٹ اوپننگ پرمٹ، لین**<br>**میساچوسٹس ڈیپارٹمنٹ آف کنزرویشن اینڈ ری کریئیشن (DCR) کنسٹرکشن ایکسس پرمٹ**<br>**میساچوسٹس تاریخی کمیشن کا پروجیکٹ نوٹیفیکشن فارم (Project Notification Form, PNF) اور قومی تاریخی تحفظ کا قانون (National Historic Preservation Act) کے سیکشن 106 کی تعمیل**<br>**یو ایس آرمی کورپس آف انجنئرز سیکشن 404 اور 408 پرمٹس**<br>**باب 91 میساچوسٹس پبلک واٹرفرنٹ ایکٹ لائسنس** |
| 4. پروجیکٹ سائٹ سے 5 میل کے اندر EJ کی آبادیوں اور خصوصیات (مائناریٹی، آمدنی، انگلش آئسولیشن) کی شناخت کریں (بیانیہ کے بدلہ EJ میپس ویئور سے 5 میل کے دائرے کی شناخت کرنے والا نقشہ منسلک کر سکتے ہیں)<br><br>**پروجیکٹ سائٹ سے 5 میل کے اندر، مندرجہ ذیل خصوصیات والے EJ بلاک گروپس ہیں: مائناریٹی؛ آمدنی؛ انگلش آئسولیشن؛ مائناریٹی اور آمدنی؛ مائناریٹی اور انگلش آئسولیشن؛ آمدنی اور انگلش آئسولیشن؛ مائناریٹی، آمدنی اور انگلش آئسولیشن۔ منسلکہ نقشہ EJ میپس ویئور سے 5 میل کے دائرے کو ظاہر کرتا ہے۔** |
| 5. پروجیکٹ سائٹ سے 1 میل کے دائرہ کے اندر کلی یا جزوی طور پر واقع DPH EJ ٹول میں "زد پذیر صحت سے متعلق EJ کا معیار" کی تعریف پر پورا اترنے والے کسی میونسپلٹی یا مردم شماری کے علاقے کی شناخت کریں۔<br><br>**پروجیکٹ سائٹ سے 1 میل کے دائرہ میں جزوی طور پر تین میونسپلٹیاں ہیں۔ جو کہ لین، ریور، اور سوگس پر مشتمل ہیں۔**<br>• **لین زد پذیر صحت سے متعلق EJ کے دو معیاروں کو پورا کرتا ہے: سیسے کی زہر آلودگی (BLL >= 29 ug/dL کی موجودگی فی 1,000) اور دمہ کی وجہ سے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ (ED) کے دورے (130 فی 10,000)۔ ان دو معیاروں کے لیے، لین میں موجودگی کی شرح مجموعی طور پر ریاست میں موجودگی کی شرح سے 110% زیادہ ہے۔**<br>• **ریور بھی دو معیاروں کو پورا کرتا ہے: دل کا دورہ (30%) اور دمہ کی وجہ سے ایمرجنسی ڈیپارٹمنٹ (ED) کے دورے (111 دورے فی 10,000)۔ ان دو معیاروں کے لیے، ریور میں موجودگی کی شرح مجموعی طور پر ریاست میں موجودگی کی شرح سے 110% زیادہ ہے۔**<br>• **سوگس زد پذیر صحت سے متعلق EJ کے چاروں معیاروں میں سے کسی کو بھی تجاوز نہیں کرتا ہے۔ ان چاروں معیاروں کے لیے، سوگس میں موجودگی کی شرح مجموعی طور پر ریاست میں موجودگی کی شرح سے 110% کم ہے۔** |
| 6. ممکنہ مختصر مدتی اور طویل مدتی ماحولیاتی اور عوامی صحت سے متعلق ان اثرات کی شناخت کریں جو EJ آبادیوں کو متاثر کر سکتے ہیں اور کوئی متوقعہ تخفیف<br><br>**مندرجہ ذیل اثرات EJ آبادیوں نیز وسیع تر عوام کو متاثر کر سکتے ہیں:**<br>- **رائس اوینو میں ٹریفک کے لیے مختصر مدتی اثرات روڈ وے میں پائپ لائن بچھانے کے دوران اس سڑک کا استعمال** |

کرنے والے مکینوں کو متاثر کریں گے۔ پروجیکٹ سائٹ کے آس پاس کے علاقے میں زیادہ سرگرمی، جس میں پوائنٹ آف پائنس پارکنگ کی جگہ شامل ہے، عارضی طور پر مقامی ٹریفک کو متاثر کرے گی۔

- ہینسن اسٹریٹ پر ٹریفک کے لیے مختصر مدتی اثرات روڈ وے میں پائپ لائن بچھانے کے دوران تجارتی اور صنعتی علاقے میں ٹریفک کی آمد ورفت کو متاثر کریں گے۔
- پروجیکٹ کے علاقے میں ہوا کے معیار پر مختصر مدتی اثرات جو کہ تعمیراتی سرگرمیوں سے وابستہ مشینوں کے عارضی آپریشن کی وجہ سے پیدا ہو سکتے ہیں۔ تعمیراتی اخراج کو کنٹرول کرنے کے بہترین انتظامی معمولات (BMPs) کا استعمال کیا جائے گا تاکہ گرد وغبار کو کم سے کم کیا جا سکے۔
- پروجیکٹ کے علاقے میں بنیادی طور پر تعمیراتی سرگرمیوں میں استعمال ہونے والے آلات کی وجہ سے شوروغل کی سطحوں پر مختصر مدتی اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ شور وغل کے اثرات کو ممکنہ حد تک تدبیریں کرکے کم سے کم کیا جائے گا، جس میں غیر ضروری گاڑیاں چالو رکھنے کی روک تھام کرنا شامل ہے۔
- لین کے کمیونٹی پاتھ اور قریبی واٹرفرنٹ چہل قدمی/ بائکنگ ٹریل کے ایک حصّہ تک عوامی رسائی پر مختصر مدتی اثرات۔

**امید کی جاتی ہے کہ یہ اثرات EJ آبادیایوں کو نامتناسب طور پر متاثر نہیں کریں گے۔**

7. پروجیکٹ کے فوائد کی شناخت کریں، بشمول "ماحولیاتی فوائد" جیسا کہ 301 CMR 11.02 میں بیان کیا گیا ہے، جو کہ EJ آبادی کی ماحولیاتی حالتوں یا عوامی صحت کو بہتر بنا سکتے ہیں۔


**اس پروجیکٹ سے EJ آبادیوں نیز وسیع تر عوام کو مندرجہ فوائد حاصل ہوں گے:**

- **MWRA کے 56 سیکشن کی پانی پائپ لائن ریور اور لین کے شہروں میں مکینوں اور کاروباروں کو پانی فراہم کرے گی۔ یہ پروجیکٹ پانی کے نظام کی فراوانی اور بھروسہ مندی کو یقینی بنائے گا جو کہ عوامی اور ماحولیاتی صحت کے تحفظ کے لیے انتہائی اہم ہے۔ اس پائپ لائن کی تبدیلی پینے، آگ کی صورت میں تحفظ، اور صفائی ستھرائی کے لیے پانی کی مسلسل سپلائی کو یقینی بنائے گا۔ اس پائپ لائن کے ذریعہ جن EJ آبادیوں کو خدمات فراہم کی جائیں گی، نیز وسیع تر کمیونٹی کو، اس تحفظ سے فائدہ ہوگا جو اس پائپ لائنکی تبدیلی علاقے کی پانی سپلائی کے لیے لے کر آئے گی۔**

8. وضاحت کریں کہ کس طرح کمیونٹی پروجیکٹ پر بات کرنے کے لیے کوئی میٹنگ طلب کر سکتی ہے، اور کس طرح کمیونٹی میٹنگ میں منہ زبانی ترجمہ کی خدمات کی درخواست کر سکتی ہے۔ دیگر سہولیات کی درخواست کرنے کے طریقے کی وضاحت کریں، جس میں کام کے گھنٹوں کے بعد میٹنگیں اور پبلک ٹرانسپورٹیشن کے آس پاس کی جگہوں کا انتخاب شامل ہیں۔

**سہولتوں کی درخواست کرنے کے لیے، براہ کرم ای میل کریں یا ذیل کو کال کریں:**
**کیٹی رونن، MWRA**
**(617) 788-1177**
**katherine.ronan@mwra.com**

# سیکشن 56 سوگس ندی کراسنگ: 2020 انوارنمنٹل جسٹس بلاک گروپس




## لیجنڈ

کام کی حد

**2020 انوارنمنٹل جسٹس بلاک گروپس EJ معیار**

- آمدنی
- انگلش آئسولیشن
- مائنارٹی اور آمدنی
- مائنارٹی اور انگلش آئسولیشن
- آمدنی اور انگلش آئسولیشن
- مائنارٹی، آمدنی اور انگلش آئسولیشن

0 3,000 6,000 Feet


1 inch = 6,016 feet

AECOM

Date: 3/7/2023

Sources: Esri, HERE, Garmin, USGS, Intermap, INCREMENT P, NRCan, Esri Japan, METI, Esri China (Hong Kong), Esri Korea, Esri (Thailand), NGCC, (c) OpenStreetMap contributors, and the GIS User Community

A:\Legacy\USCHL1FP002\Data\Library\GISData\Projects\MUNI\60619578SAU\Maps\LanguageSpoken_KS.mxd




**سیکشن 56 سوگس ندی کراسنگ: >5% لوگوں کے ذریعہ بولی جانے والی زبانیں جو انگریزی "بہت اچھی" نہیں بولتے ہیں۔**

**لیجنڈ**

- کام کی حد
- ہسپانوی یا ہسپانوی کریول
- مان-خمیر، کمبوڈیائی
- دیگر انڈک زبانیں
- روسی

0 1,000 2,000 Feet

1 inch = 2,000 feet

AECOM

Date: 3/7/2023

A:\Legacy\USCHL1FP002\Data\Library\GISData\Projects\MUNI\60619578SAU\Maps\LanguageSpoken_KS.mxd